1989ء سے مسلسل اشاعت | 25 تا 31 مارچ 2022 | شمارہ نمبر 13 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genuine Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی ولاہور میں خدمت کے 12 سال

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

**tjiwi kimia**
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

## FOR BOOKING CONTACT

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

ISO 9001:2015 CERTIFIED

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 24 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# A4 سائز کاپی پیپر اور ٹشو جمبو رولز پر 100 فیصد کمیشن مارجن کی شرط ختم کی جائے، محمد سلیم بیکیا

## کوٹڈ رائٹنگ پیپر کو ویسٹ کلکٹر سو فیصد ایگزامینیشن کر رہے ہیں، کتابیں ڈیوٹی فری اور پرنٹنگ انڈسٹری کے لیے درآمدی پیپر پر بھاری کسٹم ڈیوٹی ہے، فیڈریشن ہاؤس میں خطاب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد سلیم بیکیا نے مطالبہ کیا ہے کہ اے فور سائز فوٹو کاپی پیپر اور ٹشو پیپر جمبو رولز پر سو فیصد ایل سی کیش مارجن کی شرط فوری ختم کی جائے کیونکہ یہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ مقامی پیپر مینو فیکچررز کی ''پرچی'' پر کیا گیا ہے کیونکہ یہ آئٹمز ملک بھر کی صنعتیں استعمال کرتی ہیں جبکہ جمبو رولز امپورٹ ہی انڈسٹری کرتی ہے اور اس پر مضحکہ خیز بات یہ ہے کہ ٹشو پیپر بکس تیار شکل کی امپورٹ پر کوئی مارجن نہیں ہے۔ وہ 22 مارچ 2022 کو چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر محمد اشفاق کے دورہ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے موقع پر سوالات وجوابات کے سیشن میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ اس موقع پر کسٹم کے تمام کلکٹرز انکم و سیلز ٹیکس کے افسران کے علاوہ دیگر اعلیٰ کسٹم حکام کے علاوہ سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد انیس بھی موجود تھے۔ اسی طرح انہوں نے پرنٹنگ اینڈ پیکجنگ انڈسٹری کی جانب سے درآمدی کاغذ پر زیادہ سے زیادہ شرح ڈیوٹی کی طرف بھی توجہ مبذول کرائی اور بتایا کہ تیار پرنٹڈ اشیا کتابیں اور دیگر اشیا شامل ہیں، ڈیوٹی فری درآمد ہوتی ہیں۔ محمد سلیم بیکیا نے کلکٹر کسٹم اپریزمنٹ (ویسٹ) کے متعصّبانہ اور جانبدارانہ رویئے کی طرف بھی توجہ مبذول کرائی جنہوں نے غیر قانونی طور پر کوٹڈ رائٹنگ پیپر کی کنسائنمنٹ کو ریڈ زون میں شامل کر دیا ہے اور سو فیصد ایگزامینیشن کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے درآمد کنندگان کو بھاری ڈیمرج برداشت کرنا پڑ رہا ہے جبکہ اس کے مقابلے میں کسٹم کلکٹریٹ (ایسٹ) اس مال کو نارمل طریقے سے بغیر سو فیصد ایگزامینیشن کے کلیئر کر رہا ہے۔ انہوں نے اس تضاد کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔ قبل ازیں چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر محمد اشفاق نے کہا کہ پورے ملک میں پوائنٹ آف سیل ٹیکس کا نیٹ ورک پھیل رہا ہے اور کراچی میں پوائنٹ آف سیل ٹیکس پر اچھا کام ہو رہا ہے لیکن پی او ایس کی خلاف ورزیوں کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں، ڈومیسٹک ٹیکس پر کام کر رہے ہیں، تین سال پہلے قومی شناختی کارڈ کی شرط لائے تھے، خریداری پر قومی شناختی کارڈ کی شرط سے بہت کچھ سامنے آیا ہے اور خریداری پر جعلی شناختی کارڈ کے بے شمار کیسز سامنے آئے ہیں، یاران اور افغانستان کے ذریعے تجارت پر تحفظات ہیں، چمن اور تافتان سے تجارت پر مشاورت کر رہے ہیں ٹیکس پالیسی کو مدنظر رکھ کر ہی تحفظات کو دور کریں گے اور کسی سے زیادتی نہیں ہوگی، انڈسٹری کی ایمنسٹی اسکیم سے فائدہ اٹھائے کیونکہ انڈسٹری کی ایمنسٹی اسکیم میں صرف پانچ فیصد ٹیکس ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل 22 مارچ 2022 کو ایف پی سی سی آئی کے مرکزی دفتر فیڈریشن ہاؤس میں تاجروں اور صنعتکاروں سے ٹیکس مسائل پر بات کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایف پی سی سی آئی کے صدر عرفان اقبال شیخ، نائب صدور انجینئر ایم اے جبار، حاجی جمال الدین اچکزئی، شبیر منشا چھرا، سابق صدور انجم نثار، زکریا عثمان، خرم طارق، رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین رفیق سلیمان اور دیگر نے بھی خطاب کیا جبکہ چنیوٹ سے خصوصی طور پر آئے چار رکنی وفد کو سوال کرنے کی اجازت نہ دی گئی جس پر وہ احتجاجاً میٹنگ سے اٹھ کر چلے گئے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ نئے وفاقی بجٹ کی تیاریاں جاری ہیں، اس سلسلے میں چیمبرز اور فیڈریشن عہدیداران و ممبران سے ملاقات کر رہے ہیں، ہم ایک مربوط ٹیکس پالیسی کے تحت ریونیو جمع کر رہے ہیں، بجٹ تجاویز خواہشات سے الگ ہونی چاہئیں، بجٹ میں تمام خواہشات پوری نہیں ہوسکتیں لیکن جو بجٹ کے حوالے سے جو تجاویز اہم ہوں گی ان پر فوکس کیا جائے گا، ہم :22 سے 23 دفعہ آئی ایم ایف کے پاس جا چکے ہیں، ملکی ٹیکس آمدنی میں اضافے کی اشد ضرورت ہے، مالیاتی مسائل کی وجہ سے بڑے چیلنجز ہیں، بہت سے لوگ پرتعیش زندگی گزار رہے ہیں لیکن ٹیکس نیٹ میں نہیں ہیں، ٹیکس ٹو جی ڈی پی وصولی بہت کم ہے اور نیٹ بڑھا کر ہی ٹیکس آمدنی میں اضافہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے تمام تر چیلنجز کے باوجود ملکی معیشت بہتر جا رہی ہے، 8 ماہ میں ٹیکس وصولی ریکارڈ سطح پر رہنا کامیابی ہے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ کراچی میں پوائنٹ آف سیل سے منسلک ہونے کا بہت اچھا ریسپانس رہا ہے، سپلائی چین میں بہت جلد روانی آ جائے گی اور سپلائی چین بہتر ہونے سے بہت سے مسائل حل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کبھی نہیں ہوسکتا کہ نوٹس پر ایکشن نہ ہو



، قانون پر عمل درآمد ہر صورت ہونا ہے، اگر ایف بی آر کے نوٹسز بھیجے جاتے ہیں تو اس کو دستاویز کے ذریعے کلیئر کرا لیا جائے، قومی شناختی کارڈ پر بھی تاجروں کی جانب سے مسائل اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ درست ہے کہ چائے لگژری آئٹم نہیں ہے اور اس مسئلے کو بجٹ میں دیکھیں گے، موجودہ حالت میں جو کچھ ہوسکتا ہے اس پر فوکس کیا جائے گا، فاٹا اور پاٹا کی سہولت سے کیا اثرات ہو رہے ہیں اس کو بھی جانچ لیں گے، سپلائی چین کو سسٹم سے منسلک کرنا ہوگا، فروخت کا مکمل ڈیٹا آنے سے بہت فائدہ ہوگا، ٹیکس نیٹ میں نمایاں اضافہ متوقع ہے، اس میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ٹیکس سے متعلق مکمل سہولت فراہم کی جائے گی، مقامی سرمایہ کاروں کو بھی ٹیکس سے متعلق مکمل آگاہی دی جاتی ہے اور آئندہ بھی معلومات دیتے رہیں گے۔ چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر اشفاق احمد نے ایف پی سی سی آئی کے آڈٹ کی مدت کو موجودہ چھ سال سے کم کر کے تین سال کرنے کے مطالبے پر غور کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔ ریفنڈز کے سوال پر چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ہم ریئل ٹائم ریفنڈ سسٹم کی طرف بڑھ رہے ہیں جہاں ہمارا مقصد رقم کی واپسی کے نظام میں اس طرح سے اصلاح کرنا ہے کہ اگر ویریفکیشن ہو چکی ہو اور کوئی واجبات باقی نہ ہوں تو ریفنڈز فوری طور پر ادا کر دیے جائیں۔ ڈاکٹر اشفاق احمد نے تاجر برادری کو تجویز دی کہ وہ ایف پی سی سی آئی کے اعلیٰ ترین نمائندہ پلیٹ فارم سے بجٹ سازی کی مشق میں شامل ہونے کے لیے ہر سیکٹر کے لیے مخصوص سفارشات تیار کریں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# چیئرمین ایف بی آر کا ڈیوٹی و ٹیکسوں کی شرح میں کمی کا عندیہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر اشفاق احمد نے کہا ہے کہ آئندہ وفاقی بجٹ میں تاجروں کے لیے کوئی ایمنسٹی اسکیم نہیں آرہی لہٰذا نئے وفاقی بجٹ میں ڈیوٹی و ٹیکسوں کی شرح میں کمی کی جارہی ہے۔ 21 مارچ 2022 کو کراچی چیمبر آف کامرس میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر اشفاق احمد نے کہا کہ عدالت سے باہر مقدمات کے تصفیوں کا نیا نظام لا رہے ہیں۔ ٹیکس آربیٹریشن کے نئے نظام پر ایف بی آر کام کر رہا ہے۔ کراچی چیمبر نئے ٹیکس آربیٹریشن نظام سے متعلق اپنا ورکنگ پیپر ایف بی آر کو ارسال کرے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ کراچی چیمبر کی بجٹ تجاویز پر مل کر کام کریں گے۔ بزنس ٹو بزنس ایک لاکھ کی ٹرانزیکشن پر شناختی کارڈ کی شرط سوچ سمجھ کر لگائی۔ پہلے مال فروخت کرنے والوں پر یہ شرط عائد نہیں تھی جس کا غلط فائدہ اٹھایا گیا۔ ایف بی آر نے متعدد ایسے کیس پکڑے جس میں اربوں روپے کی ٹرانزیکشنز جعلی شناخت پر کی گئیں۔ ایک سوال کے جواب میں کہ آزاد کشمیر اور فاٹا میں ملک کے دیگر شہروں سے ہٹ کر ٹیکس فری درآمدات کیوں ہیں؟ انھوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں ٹیکس یا امپورٹ پر رعایت ایف بی آر کے دائرہ کار میں نہیں آتا کیونکہ آزاد کشمیر کی آزاد علیحدہ حیثیت ہے۔ فاٹا اور پاٹا جب پاکستان کے ساتھ باقاعدہ ضم ہوئے تو انھیں 2018 میں 5 سال کے لئے ٹیکس رعایتیں دی گئی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ امپورٹ پر سیلز ٹیکس کی غلط کیلکولیشن کے معاملے کو درست کیا جائے گا۔ ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح کو آئندہ بجٹ میں مناسب بنایا جائے گا۔ جلد ودہولڈنگ ٹیکس کا آٹو میٹڈ پلیٹ فارم متعارف کرا رہے ہیں۔ اس پلیٹ فارم سے ودہولڈنگ ٹیکس کے حوالے سے تاجروں کی بہت سی مشکلات حل ہوجائیں گی۔ ملک میں سیلز ٹیکس کی شرح بلند سطح پر ہے کوشش ہے کہ استثنیٰ ختم کر کے سیلز ٹیکس کی شرح میں کمی کی جائے۔ انھوں نے کہا کہ کراچی کے تاجروں نے پوائنٹ آف سیل پر بہت اچھا ردعمل دیا۔ ڈاکٹر اشفاق احمد نے کہا کہ ایف بی آر جی ڈی پی کا 10 فیصد ٹیکس جمع کرتا ہے جبکہ ہمارے اخراجات جی ڈی پی کا 20 فیصد ہیں۔ ہمیں 8 فیصد جی ڈی پی کے مساوی قرض لینا پڑتا ہے۔ دوسرا مسئلہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ہے۔ ہمارا انحصار درآمدی اشیا پر ہے، ہم آئی ایم ایف کے پاس کئی بار جا چکے ہیں، آئی ایم ایف کے پاس بار بار جانا ہمارے معاملات کو پیچیدہ بناتا ہے۔ دریں اثنا چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر محمد اشفاق نے کہا ہے کہ ایف بی آر دنیا کی سب سے سستی ریونیو کلیکشن اتھارٹی ہے جو ہر ایک سو روپے مالیت کے ریونیو وصولی پر 60 پیسے خرچ کرتی ہے

☆ پیر 21 مارچ کی شب کراچی کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن کے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ مالی وسائل کی کمی کے باعث کارکردگی متاثر اور مشکلات پیش آتی ہیں۔ موجودہ حکومت نے ایف بی آر کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے مطلوبہ مالی وسائل فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ کسٹمز لیب کو جدید اور فعال بنانے پر غور کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ تین ماہ میں کسٹم ایجنٹس کے لائسنس کے امتحانات منعقد کرائے جائیں گے۔ اگر لائسنس کے معاملے پر عدالت میں کوئی حکم امتناع ہے تو اسے ختم کرایا جائے گا۔ کسٹم ایجنٹس کو چھ ماہ کے بجائے دو سال کے لیے عبوری لائسنس دیے جائیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف کلکٹر انفورسمنٹ عبدالقادر میمن نے کہا کہ کسٹم ایجنٹس کی خدمات میں کوئی دو رائے نہیں ہے۔ کراچی کسٹم ایجنٹس نے ویب بیسڈ کلیئرنس سسٹم کے تحت بہترین کام کیا۔ کراچی کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر سیف اللہ خان نے کہا کہ ایف بی آر کی کسٹم پریونٹیو کلکٹریٹ کی بہتری کیلئے کیے جانے والے اقدامات لائق تحسین ہیں۔

☆ ایکسپورٹ پراسسنگ زون میں جنرل سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کا انعقاد یقینی بنانے کے لیے سرمایہ کاروں کی سہولت کو مدنظر رکھا جائے گا، ٹیکس کے حصول میں درپیش مشکلات کو آسان بنانے کے لیے تین رکنی کمیٹی جس میں چیف کلیکٹر کسٹمز، چیف کمشنر اور چیئرمین ایز شامل ہونگے، قائم کردی گئی ہے، کمیٹی کے قیام کا مقصد جی ایس ٹی اور انکم ٹیکس کے حصول میں حائل مشکلات کو کم سے کم کرنا ہے، جی ایس ٹی کا ریفنڈ 48 گھنٹوں میں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر اشفاق احمد نے کراچی ایکسپورٹ پراسسنگ زون کے ہیڈ آفس کے دورہ کے موقع پر سرمایہ کاروں سے ملاقات کرتے ہوئے کیا، انھوں نے کہا کہ زون کے سرمایہ کاروں کا تعاون ملکی معیشت اور برآمدات میں اضافے کا نمایاں سبب بنے گا، قبل ازیں چیئرمین ایکسپورٹ پراسسنگ زونز اتھارٹی ڈاکٹر سیف الدین جونیجو نے وفد کو ادارے کی جانب سے تفصیلی بریفنگ کے دوران ادارے کے اغراض و مقاصد، درآمدات و برآمدات کی کارکردی اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے بارے میں آگاہ کیا۔ بریفنگ کے دوران ملک میں قائم زونز کی گزشتہ پانچ سالوں کی درآمدت و برآمدات کا زکر کرتے ہوئے کہا کہ ملکی برآمدات میں زون کا کردار نمایاں رہا انہوں نے کہا کہ تمام زونز میں پراسسز کی مکمل آٹومیشن پی آئی ٹی بی کی مدد سے کی جارہی ہے۔ کارکردگی، شفافیت، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے آسانیاں لانے کے لیے کسٹمز اور ایف بی آر کے ساتھ ہم آہنگی اور تعاون کو بڑھایا گیا ہے۔ غیر فعال 54 صنعتی یونٹس کی نشاندہی کی گئی ہے جنکی گزشتہ پانچ سالوں میں برآمدات نہیں ہوئیں انہیں نوٹسز جاری کردئے گئے ہیں اور ان یونٹس کو اپزا اپنے کنٹرول میں لیکر انکی نیلامی کی جائے گی تا کہ نئے سرمایہ کاران یونٹس کو آپریشنل کر کے برآمدات شروع کرسکیں۔ 52 ایسے یونٹس کی بھی نشاندہی کی گئی جنھوں نے مطلوبہ ایکسپورٹ کا ہدف پورا نہیں کیا۔ ان یونٹس کو اپنے کاروباری منصوبوں کو بحال کرنے اور 03 ماہ کے اندر برآمدات کو شروع کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ مستقبل کے منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی ایکسپورٹ پراسسنگ زون کا کا فیز تھری 80 ایکڑ اراضی پر تیار کیا جارہا ہے جو کہ تقریبا" پچھلے 9 سال سے زیر التوا تھا۔ انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ ورکس کی منصوبہ بندی/ ماسٹر پلاننگ کے لیے کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کرنے کے لیے ٹینڈر جاری کردیا گیا ہے۔ سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ڈیمانڈ پر سکھر میں ای پی زیڈ قائم کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔

# مقامی پیپر ملوں کی اجارہ داری سے مہنگائی میں اضافہ ہو رہا ہے، خامس سعید بٹ

## 110 روپے کلو والا کاغذ 170 روپے اور 80 روپے کلو والا کاغذ 140 روپے تک پہنچا دیا ہے، کنو ینز اسٹینڈنگ کمیٹی ایف پی سی سی آئی

لاہور (پیپر بزنس نیوز) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری و لاہور چیمبر کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پیپر بورڈ کے کنو ینز اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، لاہور پیپر مارکیٹ کے رہنما خامس سعید بٹ نے حکومت پر زور دیا ہے کہ مقامی پیپر ملوں کی اجارہ داری کا سختی سے نوٹس لے جنھوں نے 110 روپے کلو والا کاغذ 170 روپے اور 80 روپے کلو والا کاغذ 140 روپے تک پہنچا دیا ہے۔ اس سے متوسطہ اور غریب طبقہ بری طرح متاثر ہوگا اور تعلیم اس کی پہنچ سے باہر ہوجائے گی۔ خامس سعید بٹ نے کہا کہ مقامی پیپر ملیں صرف کاغذ کی تجارت سے وابستہ تاجروں اور متوسط و غریب طبقے ہی کو نقصان نہیں پہنچا رہیں ملی بھگت سے انڈر انوائسنگ اور انڈر ویٹ کے ذریعے قومی خزانے کو بھی ماہانہ کروڑوں روپے کا نقصان پہنچایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی پیپر ملیں کاغذ 170 روپے فی کلو بیچ کر انوائس صرف 80 یا 90 روپے کی دے رہی ہیں جبکہ ایک ایک واؤچر پر کئی گاڑیاں ملوں سے نکالی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوں محسوس ہوتا ہے کہ حکومت کی رٹ ختم ہوچکی ہے اور پیپر مافیا دھڑلے سے سرکاری اداروں کی مل بھگت سے عوام کا خون نچوڑ رہا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ پیپر ملوں کی اجارہ داری کا فوری نوٹس لے اور کاغذ کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ختم کروائے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# نقالوں سے ہوشیار!!

## اطلاعِ عام

ہم اپنے معزز Label Tac Sticker کے خریداروں کو مطلع کرتے ہیں کہ پیپر مارکیٹ میں ہلکی کوالٹی منگوا کہ اسکو LABEL TEK کا نام دے کے اس کو اصل کر کے خریداروں کو بھرپور دھوکہ دے کے بیچنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہم اپنے تمام معزز اور ایماندار دکانداروں، پرنٹرز اور پیکیجنگ انڈسٹریز کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ ان کی جالسازی سے ہوشیار رہیں اور جعلی LABEL TEK Sticker Paper نہ لیں۔ تمام پیپر کے تاجروں سے گذارش ہے کہ اس طرح کی حرکتوں کے خلاف ہمارا بھرپور ساتھ دیں اصلی **Label Tac Sticker** اور نقلی LABEL TEK STICKER کی تصاویر نیچے شائع کی جارہی ہیں تاکہ آپ حضرات ان کا فرق دیکھ سکیں۔ ہم اپنے معزز دوستوں کو یہ بھی بتانا چاہتے ہیں کہ **Label Tac** برانڈ کو **ATC Pakistan (Pvt) Ltd.** نے مورخہ 10-06-2020 کو رجسٹرڈ کرایا۔

ان تمام حالات اور پیپر مارکیٹ کے مفاد میں ہم نے اس کی روک تھام کے سلسلے میں ملک کے مشہور LAW FIRM کی خدمات حاصل کر لی ہیں جو کہ اب ہم قانونی کاروائی کا حق رکھتے ہیں۔

**ATC Pakistan (Pvt) Ltd.** تمام تاجر برادری کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ انہوں نے اصلی **Label Tac** کی فروخت میں ہمارا بھرپور ساتھ دیا۔

**اصلی**




**نقلی**




**ATC Pakistan (Pvt) Ltd.**
HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road,
Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008
Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan

Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4

21x29.7 cm
500 SHEETS

80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System


**International Business Management**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com


Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA

**Brands**

## Products of PINDO DELI



## ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management

ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS — 2010

Brands of the year Award™ — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS — 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS


IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# خامس سعید بٹ ''پیپر اینڈ پیپر بورڈ اسٹینڈنگ کمیٹی'' کے کنوینز اور ملک احد امین ڈپٹی کنوینز نامزد



لاہور (پیپر بزنس نیوز) فیڈ ریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے چیئرمین عرفان اقبال شیخ نے بزنس مین گروپ (لاہور) کے رہنما خامس سعید بٹ کو ایف پی سی سی آئی کی سینٹرل اسٹینڈنگ کمیٹی برائے'' پیپر اینڈ پیپر بورڈ'' کا سال 2022 کا کنوینز نامزد کیا ہے اوران سے کہا گیا ہے کہ اس خط کی وصولی کی تاریخ سے 14 (چودہ) دنوں کے اندر اپنے سیکٹر سے کمیٹی کے ممبران (کم از کم نو (9) ممبران) پورے ملک سے پیشہ ور اور تجربہ کار افراد کو منتخب کریں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ کمیٹی کو ایک سہ ماہی میں کم از کم ایک اجلاس منعقد کرنا چاہیے اور کمیٹی کی طرف سے کیے گئے اقدامات کا خلاصہ براہ کرم ایگزیکٹو کمیٹی کی معلومات کے لیے پیش کیا جائے۔ کمیٹی کی کارکردگی اور شراکت کو ایف پی سی سی آئی کی کارکردگی رپورٹ میں بھی اجاگر کیا جائے گا۔ دریں اثنا فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے چیئرمین عرفان اقبال شیخ نے چیئرمین، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کو ایف پی سی سی آئی کی سینٹرل اسٹینڈنگ کمیٹی برائے'' پیپر اینڈ پیپر بورڈ'' کا سال 2022 کا ڈپٹی کنوینز نامزد کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ کمیٹی کے لئے اپنے تجربے اور تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔






آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے وفد نے چیئرمین احد امین کی قیادت میں نومنتخب نائب صدر اور ریجنل چیئرمین ایف پی سی سی آئی ندیم قریشی سے ملاقات کی اور انہیں عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی، اس موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو۔ تصویر میں صدر نادرن زون حسن رضا، سابق چیئرمین سمیع اللہ بٹ، وائس چیئرمین شبیر بھٹی، ہمایوں بابر ودیگر موجود ہیں

# درجنوں بڑے اسٹورز پر سیلز چھپانے کیلئے متبادل مشینوں سے رسیدیں جاری کرنے کا انکشاف

## کراچی میں ایک ریٹیل اسٹور پر 21 کروڑ روپے کی ٹیکس چوری کا الزام

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر کے بڑے ریٹیلرز نے پوائنٹ آف سیلز سے منسلک ہونے کے باوجود سیلز کی رئیل ٹائم مانیٹرنگ سے بچنے کیلئے طریقہ ایجاد کرلیا ہے اور شہر کے درجنوں بڑے اسٹورز پر سیلز چھپانے کیلئے متبادل مشینوں کے ذریعے رسیدیں جاری کرنے کی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ریٹیلرز ہر گاہک کو انوائس دینے کی بجائے بہت کم گاہکوں کو پی او ایس کی انوائس دینے لگے۔ ایف بی آر نے شہر کے سینکڑوں سٹورز کے خلاف صارفین کی شکایات موصول ہونے پر خفیہ مانیٹرنگ کا فیصلہ کرلیا اور اس کے لئے ٹیمیں تشکیل دیدی ہیں۔ ایف بی آر کی ٹیمیں شہر کے مختلف علاقوں میں ریٹیل سٹورز سے خریداری کر کے نکلنے والے گاہکوں سے رسیدیں چیک کریں گی، رسیدوں کی تصدیق نہ ہونے کی صورت میں قانون حرکت میں آئے گا اور پوائنٹ آف سیلز سسٹم کی خلاف ورزی کر کے سیلز میں ہیرا پھیری کرنے والے اسٹورز کیخلاف سخت کارروائی ہوگی۔ دریں اثناء کراچی میں انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ان لینڈ ریونیو کراچی نے میسرز فائنل چوائس کی جانب سے سامان کی فروخت چھپانے اور 21 کروڑ روپے مالیت کا ٹیکس چوری کا الزام لگاتے ہوتے مقدمہ درج کر کے کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق میسرز فائنل چوائس کی جانب سے سیلز ٹیکس ریٹرن جمع کرتے ہوئے جعلی انوائسوں کا سہارا لیتے ہوئے اپنے سامان کی فروخت کو کم ظاہر کیا اور سیلز ٹیکس ریٹرن میں سیلز ٹیکس کی کم ادائیگی کرتے ہوئے 21 کروڑ مالیت کے ٹیکسز کی چوری کی۔ ذرائع نے بتایا کہ کمشنر ان لینڈ ریونیو انفورسمنٹ کی جانب سے افسران پر مشتمل ایک ٹیم تشکیل دی گئی جس کو اختیار دیا گیا کہ وہ مذکورہ کمپنی کے کاروباری احاطے کا دورہ کرے محکمہ کی ٹیم کی جانب سے کمپنی کے پوائنٹ آف سیلز کی جائزہ لیا گیا تو اس امر کا انکشاف ہوا کہ ملزم کا پوائنٹ آف سیلز کراچی کے انتہائی پوش اور مصروف ترین علاقے میں واقع ہے اور اس کے شاپنگ پلازہ میں گاہکوں کا بہت زیادہ ہجوم نظر آیا اور گاہک ہزاروں روپے کا سامان خرید رہے تھے اور جہاں پر بہت سارے سیلز کاؤنٹرز موجود ہیں جن پر بھرپور رش ہوتا ہے جس سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ ملزم نے اپنے سامان کی فروخت کا چھپایا ہے اور سیلز ٹیکس ریٹرن میں اصل فروخت کم ظاہر کی ہے تاہم ملزم کی جانب سے جمع کی جانے والی سیلز ٹیکس ریٹرن اس کی فروخت اور اصل لین دین سے مطابقت نہیں رکھتیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاغذ اور کاغذ بورڈ کی خرید و فروخت کے عمومی تجارتی قوانین

ترجمہ: علیم احمد

(g) اگر یکے بعد دیگرے دو یا زیادہ مرتبہ ایک جیسے کاغذ یا پیپر بورڈ کی ڈلیوریاں بھی گئی ہوں تو ثالث، خریدار کو یہ اختیار دے گا کہ وہ معاہدے کو جزوی یا مکمل طور پر منسوخ کردے یا پھر اس کے ذمے واجب الادا قیمت میں بیس فیصد (20٪) یا اس سے زیادہ کمی کی منظوری دے دی جائے گی، خریدار کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ غیر فراہم شدہ اشیاء کا معاہدہ منسوخ کردے۔ اگر معاہدے میں ایک سے زیادہ کاغذ یا پیپر بورڈ کی اقسام کا احاطہ کیا گیا ہو تو منسوخی کا حق صرف ان غیر فراہم شدہ اشیاء کی اقسام تک محدود ہوجائے گا جن کے بارے میں ثالث نے پے آرڈر کی منسوخی یا قیمت میں کمی کا فیصلہ دیا ہوگا۔

## 8۔ ادائیگی میں تاخیر اور اشیاء کی ملکیت

(a) اگر کوئی خریدار معاہدے کے مطابق مدت تک خرید کردہ اشیاء (کاغذ) کی قیمت ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو فروخت کنندہ اس بات کا مجاز ہوگا کہ خریدار کے ذمے واجب الاداء رقم پر بینک ریٹ سے پانچ فیصد (5٪) یا اس ملک میں رائج قرضہ جاتی نظام کے تحت منافع کی اضافی رقم وصول کرسکے۔ اس کیفیت کا اطلاق واجب الادا رقم کے ادا ہوجانے تک رہے گا۔

اگر ادائیگی، فروخت کنندہ کے ملک کے علاوہ کسی اور کرنسی کی صورت میں ہونی تھی تو فروخت کنندہ اس بات کا مجاز بھی ہے کہ اگر تاخیر کی وجہ سے کرنسی کی شرح مبادلہ اس کے حق میں نہیں ہے تو وہ خریدار سے اس کی تلافی وصول کرے۔

(b) اگر خریدار ادائیگی کا نادہندہ ہے اور تاخیر میں رقم منتقل کرنے والے بینکوں کی بھی کوئی غلطی نہیں ہے تو فروخت کنندہ اس بات کا حق رکھتا ہے کہ خریدار کو نوٹس جاری کرے اور ادائیگی نہ ملنے کی صورت میں چودہ (14) روز بعد معاہدہ منسوخ کردے۔

قسطوں میں ادائیگی کی صورت میں اس منسوخی کا اطلاق باقی ماندہ رقم یا مجموعی رقم، دونوں پر ہوسکتا ہے اس ضمن میں واجب الادا رقم کا تعین خریدار کی مرضی و منشاء کے مطابق کیا جائے گا۔

(c) فراہم کردہ کاغذ یا پیپر بورڈ، کسی خریدار کے ملکی قوانین کی حدود میں دی گئی اجازت کے مطابق اس وقت تک فروخت کنندہ کی ملکیت رہے گا جب تک اسے پوری ادائیگی وصول نہیں ہوجاتی۔ کاغذ یا پیپر بورڈ کی ملکیت میں فراہم کردہ یا تبدیل شدہ اشیاء کے حقوق شامل ہیں اور قابل وصول (Recievables) کے حقوق میں رقم شامل ہے جو خریدار ان اشیاء یا ان سے تیار کردہ مصنوعات کی فروخت سے حاصل کرسکتا ہے۔ لہٰذا خریدار کو چاہئے اپنے ذمے ایسی واجب الادا رقم کو علیحدہ کھاتے (اکاؤنٹ) میں جمع کرتا رہے۔

## پیپر اور پیپر بورڈ کے معاہدے کی خلاف

**نوٹ**

یہ آرٹیکل 1996 میں قسط وار شائع کیا گیا تھا جس کا حصہ دوم قارئین کے لئے پیش خدمت ہے، تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔

پانچویں قسط: مورخہ 27 مارچ تا 2 اپریل 1996، شمارہ نمبر 14

چھٹی قسط: مورخہ 3 تا 9 اپریل، شمارہ نمبر 15

ساتویں قسط: مورخہ 10 تا 16 اپریل، شمارہ نمبر 16

آٹھویں قسط: مورخہ 24 تا 30 اپریل، شمارہ نمبر 17/18

## ورزی پر نقصان کی تلافی کے اصول

(d) اگر خریدار معاہدے کے مطابق رقم ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو فروخت کنندہ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ خریدار کو تحریری طور پر مال کی فراہمی روکنے کا نوٹس دے اور اگر خریدار سے دیگر معاہدے ہوئے ہوں تو ان کے تحت کی جانے والی مال کی فراہمی بھی روک لے تا آنکہ خریدار کے ذمے واجب الادا رقم ادا کردی جائے۔

(e) اگر خریدار یا فروخت کنندہ مالی طور پر غیر مستحکم ہے یا اچھی حالت میں نہیں ہے یا کوئی وصول کنندہ مقرر کرچکا ہے یا پھر مالی طور پر اس کیفیت میں ہے کہ بجا طور پر یہ فرض کیا جاسکتا ہو کہ وہ اپنے کئے ہوئے وعدے پورے نہیں کرپائے گا تو دوسری پارٹی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ نوٹس دے اور اس کے دس دن بعد تسلی بخش ضمانت نہ ملنے کی صورت میں معاہدہ منسوخ کردے۔

## 9۔ نقصان کی حدود

(a) اگر خریدار کو معاہدے کے مطابق خرید کردہ مال سے کم مال ملتا ہے یا اسے فروخت کنندہ کی جانب سے دیا گیا مال معیار (کوالٹی) میں بہت کم ہے تو خریدار ان تمام پہنچائی گئی (خرید کردہ) اشیاء کو مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے یا اگر ثالث نے بھی مال کو مسترد کردیا ہے تو فروخت کنندہ پر یہ واجب ہے کہ وہ خراب مال تبدیل کرے گا یا مال کی کمی پوری کرے گا اور فروخت کنندہ وہ اخراجات بھی ادا کرے گا جو خریدار نے خراب مال کی نقل و حمل حفاظت اور انشورنس میں کئے ہیں۔ اس کے علاوہ فروخت کنندہ، خریدار کو کسی بھی دوسری قسم کا زرتلافی یا نقصان کا معاوضہ ادا کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔

اگر مال کے معیار میں ایسی خرابی موجود ہے جس کی بنیاد پر یہ مسترد نہیں ہو پاتا تو خریدار اس خراب مال کی کم قیمت ادا کرے گا اور دیگر زرتلافی یا نقصانات کا معاوضہ وصول کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔

اگر ڈلیوری کی مقدار خریدار کے لئے قابل قبول ہو یا اس کے پاس ڈلیوری مسترد کرنے کی کوئی حقیقی وجہ موجود نہ ہو تو ادائیگی بالکل ڈلیوری کی مقدار کے مطابق کی جائے گی۔ اگر فروخت کنندہ نے کسی خاص مقصد کے لئے خریدے گئے مال کی مخصوص خاصیتوں کے بارے میں واضح طور پر مطلع کردیا ہے اور یہ مقصد خریدار بھی فروخت کنندہ کے علم میں لا چکا ہو تو وارنٹی پوری نہ ہونے کی صورت میں ہونے والے نقصان کا احاطہ اسی شق (9) کی ذیلی شق (ط) میں کیا گیا ہے۔

(b) جو پارٹی بھی دوسری نقصان کی ذمہ دار ہو تو اس مجموعی گھاٹے میں اضافہ نہیں ہونا چاہئے اس گھاٹے سے مراد وہ تمام عوامل ہیں جو قصوروار فریق نے معاہدے کو حتمی شکل دیتے وقت نظر میں نہیں رکھے تھے تاہم اس میں بعدازاں ہونے والے نقصانات شامل نہیں ہیں۔ اس صورت میں نقصانات کو متعلقہ ڈلیوری کی انوائس ویلیو سے بڑھنا نہیں چاہئے۔

(c) اگر ایک فریق دوسرے فریق کے ساتھ کئے گئے معاہدے کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اسے وہ تمام عملی اقدامات کرنے ہوں گے کہ جن سے دوسرے فریق کا نقصان کم سے کم رہ جائے جو کہ معاہدے کی خلاف ورزی کی صورت میں اسے اٹھانا پڑا اور بشرطیکہ دوسرا فریق اس حرکت کی وجہ سے نہ صرف رقم بلکہ دیگر زائد پریشانیوں کا شکار ہوا ہو۔ اگر فریق اول یہ اقدامات اٹھانے میں ناکام رہتا ہے تو معاہدے کی خلاف ورزی کی زد میں آنے والا فریق اپنے نقصانات میں کمی کے لئے دعویٰ کرسکتا ہے۔

## 10۔ جوابداری سے بری الذمہ ہونے کی بنیاد

(a) (ہنگامی یا غیر متوقع حادثاتی کیفیت میں) مندرجہ ذیل باتوں کو جوابداری سے بری الذمہ یا آزاد ہونے کی وجوہات سمجھا جائے گا اگر وہ معاہدہ طے ہونے کے بعد رونما ہوں یا پھر اپنے متوقع اوقات سے پہلے رونما ہوجائیں ان کے ممکنہ اثرات معاہدہ طے کرتے ہوئے بالکل غیر واضح رہے ہوں اور ان کی وجہ سے اشیاء استعمال کرنے والے خریدار کے کام میں رکاوٹ یا تاخیر ہو (یا اگر خریدار کوئی ہول سیل ڈیلر ہے اور اس کے گاہک کا نام بھی معاہدے میں شامل کیا گیا ہے) اور طے شدہ طریقے کے مطابق فروخت کنندہ کی پیداوار پوری نہ ہو یا پھر خریدار کے لئے قابل قبول نہ رہے یا فراہمی میں رخنہ پڑے۔ ایسی ممکنہ ہنگامی وجوہات' نام بنام کچھ یوں ہیں۔ جنگ کا خطرہ، بغاوت، ناکہ بندی، جبری قبضہ، تجارتی پابندی، مسلح افواج کی خدمات کے لئے افراد کا مصروف ہوجانا سکے (کرنسی) کی پابندیاں، درآمد یا برآمد کی ممانعت یا پابندی، افرادی قوت پر پابندیاں، محنت کشوں (لیبر) کے تنازعات، مزدوروں کی عمومی قلت، ذرائع آمد و رفت اور ہنگامی حالات میں معاہدے سے بری الذمہ قرار دیا جائے گا خام مال کی عدم دستیابی، رسد کی بندرگاہ پر برف کی وجہ سے جہاز رانی کا ناممکن ہوجانا، ریلویز میں رکاوٹ، قلت آب، سیلاب، طوفان، سمندر میں حراست یا نقل و حرکت پر پابندی، عدم فراہمی، خراب یا تاخیر سے ہونے والی ڈلیوری، خام مال کی عدم دستیابی یا پیداوار کے لئے غیر اطمینان بخش سامان کی موجودگی یا ایسے دیگر حالات جو فریقین کے قابو اور پہنچ سے باہر ہوں۔

(جاری ہے)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی ڈپلیکس بورڈ، بلیچ بورڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی اور تیزی دیکھی گئی اور 24 مارچ 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ ریئل، مقامی بلیچ بورڈ ایلیگینٹ، مقامی ڈپلیکس بورڈ پولو برانڈ سنچری، کلاسک، شاہین نیچرل بیک اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ مقامی ڈپلیکس بورڈ پولو برانڈ سنچری کی تمام سائز 275۔250 گرام کی شیٹس 200 روپے سے بڑھ کر 204 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 تا 300 گرام، 141 روپے سے بڑھ کر 146 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 250 اور 300 گرام، 112 روپے سے بڑھ کر اور تمام سائز 350 گرام، 112 روپے سے بڑھ کر 115 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل 300 روپے سے بڑھ کر 315 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ایلیگینٹ سنچری کی 215 گرام کی ریلز اور شیٹس 300 روپے سے بڑھ کر 310 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا بی ایل سی 80 گرام، 850 روپے سے بڑھ کر 880 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13، 70 گرام، 840 روپے سے بڑھ کر 860 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 1500 روپے سے بڑھ کر 1550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر لائن 70 گرام، 625 روپے سے بڑھ کر 690 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 750 روپے سے بڑھ کر 780 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 840 روپے سے بڑھ کر 900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ رپورٹ برازیل 80 گرام، 825 روپے سے بڑھ کر 840 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ سلیکٹ ون آسٹریلیا 80 گرام، 835 روپے سے بڑھ کر 840 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## ایپما کے اراکین 31 مارچ تک تجدید رکنیت کرالیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے تمام ممبران کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی سالانہ ممبرشپ کی تجدید 31 مارچ 2022 تک کروالیں تاکہ انہیں ممبرشپ کے حوالے سے کسی بھی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایپما کے جاری ہونے والے سرکلر میں کہا گیا ہے کہ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے تحت ممبرشپ کی تجدید کرانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2022 مقرر ہے اور سالانہ ممبرشپ کی تجدید کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ سالانہ ممبرشپ کی تجدید کے حوالے سے پہلے ہی ممبران کو بل ارسال کیے جاچکے ہیں جن میں ممبران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سال 23-2022 کے لیے اپنی سالانہ ممبرشپ کی تجدید مقررہ تاریخ تک کروالیں۔ ممبرشپ کی تجدید کے لیے مقررہ فیس کے ہمراہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانا ہوگا۔ ایسوسی ایٹ کلاس کی ممبرشپ فیس 1000 روپے اور کارپوریٹ کلاس کی فیس 2500 روپے، جبکہ ممبرشپ کارڈ کے لئے 200 روپے علیحدہ سے ادا کرنے ہوں گے۔

# جولائی۔دسمبر 2021: پیپر اور بورڈز کی پیداوار میں 8.8 فیصد اضافہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں پیپر اور بورڈز کی پیداوار میں رواں مالی سال کے دوران عمومی اضافہ کا رجحان دیکھنے میں آیا ہے۔ پاکستان کے ادارہ برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں ملک میں پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 8.3 فیصد اور دسمبر کے مہینہ میں ماہانہ بنیادوں پر 7.7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے دسمبر 2021 تک کی مدت میں ملک میں 128.9 میٹرک ٹن پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 8.3 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 119 میٹرک ٹن پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی۔ واضح رہے کہ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں مجموعی طور پر 7.5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

# موبائل فون سے متعلق اشیاء کی درآمدی ویلیوایشن میں اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) موبائل فونز سے متعلقہ اشیاء پر ای ویلیوایشن ڈیوٹیز میں ہوشربا اضافہ کرکے حکومت نے موبائل فون صارفین کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق موبائل اسیسریز پر 'ای ویلیوایشن' ڈیوٹیز میں 200 سے 700 فیصد تک اضافہ کیا گیا ہے جس سے ان اشیاء کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس اضافے کے بعد موبائل فون بیٹری پر ڈیوٹی 18 سینٹ سے بڑھ کر 84 سینٹ، موبائل چارجر پر ڈیوٹی 24 سینٹ سے بڑھ کر 84 سینٹ، پاور بینک پر ڈیوٹی ڈیڑھ ڈالر سے بڑھ کر 3 ڈالر 80 سینٹ، چارجنگ کیبل پر 2 ڈالر سے بڑھ کر 7 ڈالر 14 سینٹ فی کلوگرام ہوگئی ہے۔ اس کے علاوہ بلیوٹوتھ پر ڈیوٹی 60 سینٹ سے 1 ڈالر 28 سینٹ، ہینڈ فری پر 20 سینٹ سے بڑھ کر 1 ڈالر اور سیلفی اسٹک پر ڈیوٹی 84 سینٹ سے بڑھ کر 2 ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## پارکنگ کمپنی کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹوکن ٹکٹ کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 31 مارچ 2022ء
برائے رابطہ: کمپنی سیکریٹری، 430۔امین ٹاؤن، فیصل آباد۔
فون: 041-9330781-82

## پی آئی اے کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: FSD-22010049
ٹوائلٹ پیپر رول، تعداد: 144000
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 اپریل 2022ء
برائے رابطہ: پہلی منزل، سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ بلڈنگ، ہیڈ آفس، پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن، کراچی۔
فون: 021-99045668/5379

## وومن یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LCWU/2021-22/20
میگزین کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 اپریل 2022ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، جیل روڈ، لاہور۔
فون: 042-99203801-09
EXT:286-210

## ہومیوپیتھی کونسل کا پرنٹنگ ولفافوں کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: NCH/F1-2(Gen Tender/2022-8296)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 اپریل 2022ء
برائے رابطہ: رجسٹرار، فضل ٹاؤن، فیز ون، ایئر پورٹ لنک روڈ، راولپنڈی۔
فون: 051-5409075

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## ڈی جی ایگریکلچر کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: Stationary/OFWM/2021-22
آفسیٹ پیپر A4 سائز، تعداد: 1000 ریم
مختلف اقسام کے لفافے
ٹینڈر حوالہ نمبر: Printing/OFWM/2021-22
کلر بروشرز، فائل کور کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 اپریل 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر، (واٹر مینجمنٹ) ایگریکلچر ہاؤس، 21۔ڈیوس روڈ، لاہور۔
فون: 042-99200962

## واٹر اینڈ سینیٹیشن ایجنسی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

بل فارمز کی پرنٹنگ اور سپلائی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 اپریل 2022ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ اینڈ اسٹور ڈویژن) آفس، فیصل آباد۔

## FESCO کا ویسٹ پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 204/FESCO/2021-22
ویسٹ پیپر سائز 15x11، 1800KG
اسمال سائز، 800KG
ٹینڈر حوالہ نمبر: 205/FESCO/2021-22
ویسٹ پیپر سائز 15x11، 2500KG
اسمال سائز، 700KG
ٹینڈر حوالہ نمبر: 206/FESCO/2021-22
ویسٹ پیپر سائز 15x11، 4000KG
اسمال سائز، 1500KG
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 مارچ 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر (ایم ایم) ڈسپوزل آفس، اولڈ تھرمل پلانٹ، عبداللہ پور، فیصل آباد۔
فون: 041-9220336

